08 جولائی 2011ء

پرانے ڈیزائن کے 500 روپے اور 5 روپے کے بینک نوٹوں کی منسوخی سے متعلق اسٹیٹ بینک کی ہدایات

500 روپے کے بڑے سائز کے پرانے ڈیزائن کے بینک نوٹ اور 5 روپے والے نوٹ منسوخ کیے جارہے ہیں جن کا اطلاق بالترتیب یکم اکتوبر 2011ء اور یکم جنوری 2012ء سے ہوگا۔ اس لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام الناس کو ہدایت کی ہے کہ پرانے ڈیزائن کے 500 روپے والے نوٹ 30 ستمبر 2011ء اور 5 روپے والے نوٹ 31 دسمبر 2011ء تک تبدیل کروالیں۔ یہ نوٹ ملک بھر میں ایس بی پی بینکنگ سروس کارپوریشن کے فیلڈ دفاتر اور کمرشل بینکوں کی شاخوں سے تبدیل کرائے جاسکتے ہیں۔

اسٹیٹ بینک نے عوام کی آگہی کے لیے 500 روپے کے (پرانے ڈیزائن) اور 5 روپے کے نوٹوں کی منسوخی اور تبادلے سے متعلق انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں پوسٹرز ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن اور کمرشل بینکوں کو فراہم کیے ہیں تاکہ انہیں ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے فیلڈ دفاتر؛ کمرشل بینکوں کی شاخوں میں اور پبلک مقامات پر نمایاں جگہوں پر آویزاں کیا جائے۔

ان بینک نوٹوں کے بارے میں کمرشل بینکوں کو دی جانے والی اسٹیٹ بینک کی ہدایات اور پوسٹرز اسٹیٹ بینک کی درج ذیل ویب سائٹ لنکس پر دستیاب ہیں:

http://www.sbp.org.pk/acc/2010/C1.htm

http://www.sbp.org.pk/BankNotes/index.asp

واضح رہے کہ وفاقی حکومت پہلے ہی اعلان کرچکی ہے کہ **500** روپے مالیت کے پرانے ڈیزائن کے بینک نوٹ (جو یکم اپریل 1986ء کو متعارف کرائے گئے تھے) کی قانونی حیثیت یکم اکتوبر 2011ء سے ختم ہوجائے گی۔ جب کہ **5** روپے مالیت کے بینک نوٹ (جو 8 جولائی 2008ء کو متعارف کرائے گئے تھے) کی قانونی حیثیت یکم جنوری 2012ء سے ختم ہوجائے گی۔